27/01/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے کیریپا پریڈ گراونڈ میں سالانہ نیشنل کیڈٹ کور پی ایم ریلی سے خطاب کریں گے ۔ اس سال اس ریلی کا موضوع ”یوا شکتی وکست بھارت “ ہے ۔

کیڈٹ ایک رنگا رنگ ثقافتی پروگرا م پیش کرتے ہوئے NCC اس تقریب میں آٹھ سو سے زیادہ پی ایم ریلی NCC قومی تعمیر میں نیشنل کیڈٹ کور کے عزم کا اظہار کریں گے ۔ اس کے علاوہ میں 18 دوست ممالک کے 144 نوجوان کیڈٹ بھی شرکت کریں گے ۔

یوم جمہوریہ

ملک بھر میں کل 76 ویں یوم جمہوریہ کی تقاریب حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ شایانِ شان طریقے پر منعقد کی گئی ۔ قومی سطح کی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منعقد ہوئی جہاں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ترنگا پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

جموں کشمیر میں یوٹی سطح کی تقریب مولانا آزاد سٹیڈیمجموں میں منعقد ہوئی جہاں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی پرچم پھیرا کر پریڈ کا معائینہ کیا ۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ خاص مہمان کی حیثیت سے موجود تھے ۔

وادی کشمیر میں صوبائی سطح کی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں نائب وزیر اعلی سرندر کمار چودھری نے مارچ پاسٹ پر سلامی لی اور تقریب سے خطاب کیا ۔

سبھی تقاریب میں رنگا رنگ ثقافتی اور تمدنی پروگرام پیش کئے گئے ، جن کے دوران یہاں کی مالا مال ثقافتی میراث کے علاوہ مختلف شعبوں میں اہم حصولیابیوں کو اجا گر کیا گیا ۔

وادی

وادی کے سبھی ضلع صدر مقامات پر جشن جمہور کی تقاریب جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی ۔ اننت ناگ میں صحت اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو//جبکہ بارہمولہ میں زرعی پیداوار اور دیہی ترقیات کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ضلع سطح کی تقاریب کی صدارت کرتے ہوئے مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

جنوبی کشمیر کے پلوامہ میں ڈی ڈی سی چیر پرسن سید عبدل باری اندرابی // کولگا م میں ڈی ڈی سی چیر پرسن محمد افضل پرے / / اور شوپیان میں ضلع ترقیاتی کونسل کی چیر پرسن بلقیس جان نے قومی پرچم پھیرایا۔

اِدھر وسطی کشمیر کے گاندربل میں ضلع ترقیاتی کونسل کی چیر پرسن نزہت اشفاق // جبکہ بڈگام میں ضلع ترقیاتی کونسل کے چیرمین نذیر احمد خان نے پریڈ کا معائینہ کرکے ترنگا پھیرایا۔

اُدھر شمالی کشمیر کے بانڈی پورہ میں ڈی ڈی سی چیر میں عبدالغنی بٹ // جبکہ کپواڑہ میں ڈی ڈی سی چیر مین عرفان سلطان پنڈت پوری نے قومی ترنگا لہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

ایٹ ہوم

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یوم جہوریہ کے موقعہ پر کل راج بھون جموں میں ایک ایٹ ہوم کی میزبانی کی ۔ اس تقریب میں انتظامیہ کے سینئر افسروں اور کئی دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی ۔

سرینگر میں اسی طرح کے ایک SKICC دریں اثناءنائب وزیر اعلیٰ سرندر کمار چودھری نے بھی عصرانے کا اہتما م کیا ۔

شوپیان

یوم جمہوریہ کے موقعہ پر شوپیان پولیس نے ضلع میں شہید اہلکاروں کے کنبوں کا دورہ کر شوپیان عنایت علی چودھری نے دیگر SSP کے انہیں مٹھائیاں اور بیکری وغیرہ پیش کیں۔ پولیس افسروں کے ہمراہ ضلع کے کیلر علاقے کا دورہ کیا جبکہ دیگر افسروں نے اپنے اپنے حدِ اختیار میں آنے والے علاقوں میں شہید کنبوں میں جا کر وہاں جذبہ خیر سگالی کے تحت متعلقہ اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کیا ۔

ستیش شرما

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے جموں سے 38 ویں نیشنل گیمز کے لئے جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کے دستے کو جموں سے روانہ کیا ۔ یہ کھیل اتراکھنڈ میں کل یعنی 28 جنوری سے شروع ہو کر 14 فروری تک کھیلے جائیں گے ۔

جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کے دستے میں 87 مرد اور 21 خواتین کے ساتھ کُل 108 کھلاڑی شامل ہیں ۔ جموں کشمری کے یہ کھلاڑی 14 الگ الگ قسم کے کھیلوں میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گے ۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ سرکار جموں کشمیر میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے لئے پر عزم ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی سطح پر جموں کشمیر کی نمائندگی کر سکےں ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ ڈرائیوروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

البتہ سرینگر سونہ مرگ روڈ ،/ بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ٹریفک کے لئے ابھی بھی بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 5 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ